26213-طواف افاضہ کا ایک چکر بھول گیا

سوال

جب حاجی طواف افاضہ کرے اور اس کا ایک چکر لگانا بھول جائے اور مسجد حرام سے باہر نکل کر اسے علم ہو کہ اس کا ایک چکر باقی ہے تو کیا حکم ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

جب حاجی طواف افاضہ کرے اور ایک چکر بھول جائے اور مدت لمبی ہو گئی تو اسے طواف دوبارہ کرنا ہو گا ، لیکن اگر وقت زیادہ نہیں گزرا بلکہ جلد یاد آ گیا تو بھولا ہوا چکر لگا لے .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے .